مصنف کا تعارف

احسان الحق نے جامعہ ملیہ دہلی میں تعلیم پائی۔ کچھ عرصہ جامعہ ملیہ اور بی بی سی لندن سے منسلک رہے۔ آپ اتنے حساس تھے کہ کہانی لکھتے وقت آنسو جاری ہو جاتے تھے اور حقیقت پسند اتنے تھے کہ محلے میں یا سڑک پر بڑے سے بڑا حادثہ ہو جائے مڑ کر نہ دیکھتے۔ سوچتے تھے کہ کوئی زخمی ہو گیا ہو گا یا پھر اللہ کو پیارا۔ شاعروں سے دوستی رکھتے تھے مگر مشاعروں سے بھاگتے تھے۔ اردو میں لکھتے تھے لیکن کہتے تھے کہ اردو ایسی بدقسمت زبان ہے جو اپنے تحفظ کے لئے ایک جانباز بھی پیدا نہیں کر سکتی۔

ریڈیو سننے والے ہزاروں بچے ان کو "احسان چاچا" کے نام سے جانتے تھے۔ لندن میں کافی عرصہ گزارا۔ آپ یورو پی ممالک کا کئی مرتبہ دورہ کر چکے تھے اور نظر کی وسعت کو زندگی کے اسی دور کا عطیہ سمجھتے تھے۔

آپکی تصانیف میں ڈراموں کا مجموعہ "9 ڈرامے" 1968ء میں شائع ہوا۔ آپ کا ایک مشہور ناول "کالا شہر گورے لوگ" ہے۔